
سبق - 14

# غلیل

(ط، ظ، ع، غ)



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ گھر کے صحن میں کتنے پودے ہیں؟

2۔ تصویر میں کون سا پرندہ قید ہے؟

3۔ لڑکے کے ہاتھ میں کیا ہے؟

4۔ کیا آپ نے کبھی غلیل استعمال کی ہے؟ بتائیے؟

5۔ اگر طوطے کی طرح آپ کو قید کر دیا جائے تو آپ کیسا محسوس کریں گے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21
SCERT TELANGANA

(ب) اب ہم نظم ''طوطا'' ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

طاہر نے ایک طوطا پالا     پیاری پیاری رنگت والا
بڑی غضب کی اُڑان اس کی     دیکھو نرالی شان اس کی
ایک دن چھت پر جب وہ بیٹھا     میں نے غلیل سے اس کو مارا
عادل نے جب ظلم یہ دیکھا     سرپٹ دوڑا پانی لایا
طوطے کو جب پانی پلایا     طوطا پھر سے اُڑنے پایا

(ج) بچوں سے یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھوایئے اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) نظم میں ط، ظ، ع، غ سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔

طوطا    غلیل    غوث    ظروف    عادل    ظہرانہ



## پڑھیے

(الف) ذیل میں دی گئی تصویریں دکھایئے اور بچوں سے نام کہلوایئے۔ کہے ہوئے نام تختۂ سیاہ پر لکھیے اور ان میں حروف ط، ظ، ع، غ، کی شناخت کروایئے۔




طوطا



ظروف



عینک



غبارہ

SCERT TELANGANA

(ب) تصویریں بتا کر جملے کہلوائیے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔



عورت ظروف دھو رہی ہے



دادا عینک لگائے ہوئے ہیں





غبارہ لال ہے



بچہ طبلہ بجا رہا ہے

(ج) طلبا سے کہیں کہ دیئے گئے حروف جوڑیں اور لکھیں۔






مثال: عارف

________

________


________

________

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(د) درجہ ذیل الفاظ روانی سے پڑھائیے۔




(ھ) پتّوں میں دیئے گئے دو دو حروف کو جوڑتے ہوئے بامعنی چار حرفی الفاظ بنائیں۔

مثال: طاہر




SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21




## لکھیے

(الف) مثال کے مطابق طلبا سے الفاظ لکھوائیے۔


مثال: ظالم

______
______
______
______
______
______




مثال: عبارت


______
______
______
______




(ب) طلبا سے خالی جگہ پر تصویر کا نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔



______ ہرا ہے۔



______ لال ہے۔



______ میں کتابیں رکھی ہیں۔

SCERT TELANGANA

(ج) طلبا سے کہیں کہ ذیل کے حروف ملا کر الفاظ بنائیں۔

- ب + ا + غ = ______
- ط + ا + ق = ______
- ظ + ر + و + ف = ______
- غ + ا + ر = ______
- غ + ر + و + ر = ______


(د) ذیل میں دیے گئے الفاظ طلبا سے پڑھوائیں اور صاف خط میں لکھوائیں۔

| مطلب | مظہر | معلوم | جمع | مضبوط | باغ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |



**سوچیے**

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



______

SCERT TELANGANA